● **تخریج حدیث کے اصول ومبادی** مؤلف: ابوعثیمین صفی اللہ یوسف زئی

ضخامت: ۶۴ صفحات ناشر: ندوۃ التحقیق الاسلامی کوہاٹ

مولانا صفی اللہ صاحب شیخ الحدیث مولانا اسید اللہ مرحوم کے فرزند ارجمند اور خلف الرشید اور علمی جانشین ہیں، اللہ نے انہیں علمی صلاحیتوں سے مالا مال کیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب ''تخریج حدیث کے اصول ومبادی'' ان کی علمی صلاحیتوں کا ایک نمونہ ہیں، موصوف نے اس کتاب میں تخریج حدیث کا پوری بصیرت اور گہرائی سے ایک تحقیقی جائزہ لے کر اپنے موضوع پر قابل قدر کام کیا۔ عام فہم انداز اور نفیس زبان میں اس فن پر روشنی ڈالی۔ (مبصر: مولانا محمد اسلام حقانی)

● **علامہ قاضی محمد زاہد الحسینی تصنیف وتالیف کے میدان** مؤلف: مولانا پروفیسر حافظ بشیر حسین حامد

ضخامت: ۶۰ صفحات ناشر: مکتبہ حامدیہ نواں شہر ایبٹ آباد

زیر تبصرہ کتابچہ میں پروفیسر حافظ بشیر حسین حامد نے حضرت مولانا قاضی زاہد الحسینی کی تمام کتابوں، مقالات اور مضامین کا ایک اشاریہ مرتب کیا ہے، موصوف نے اس سے قبل قاری محمد طیب قاسمی، مفتی محمد شفیع صاحبان کے بارے میں بھی ایک ایسا ہی اشاریہ مرتب کر چکے ہیں۔ ان اشاریوں کی اہمیت اہل علم وتحقیق سے مخفی نہیں۔ مرتب موصوف نے حسب استطاعت قاضی زاہد الحسینی صاحب کے حوالہ سے تمام مواد جمع کرنے کی سعی کی ہے، یقیناً یہ قابل صد تحسین کوشش ہے۔ (مبصر: مولانا محمد اسلام حقانی)

● **احکام القرآن** مؤلف: مولانا محمد ایوب الہاشمی

ضخامت: ۲۰۵ صفحات ناشر: دارالعلوم عربیہ سراج العلوم مدنی مسجد مری روڈ ڈھمتوڑ ایبٹ آباد

احکام القرآن کے نام موسوم یہ کتاب قاضی محمد ایوب الہاشمی کی تصنیف ہے جس میں علوم القرآن کے ضروری اور اہم مباحث سے بحث کی گئی ہے، یہ قرآن کریم اور اسکے متعلقات پر معلومات کا ایک بیش بہا اور گراں قدر مجموعہ ہے جس سے عوام اور خواص دونوں یکساں طور پر مستفید ہو سکتے ہیں۔ مؤلف موصوف نے نہایت جانفشانی کے ساتھ مستند مراجع سے استفادہ کرتے ہوئے یہ جامع کتاب مرتب فرمائی۔ اللہ سے دعا ہے کہ اس کو عام وخاص کیلئے نافع بنائے۔ امین (مبصر: مولانا محمد اسلام حقانی)

● **احکام الاسلام** مؤلف: مولانا محمد ایوب الہاشمی

ضخامت: ۱۵۷ صفحات ناشر: دارالعلوم عربیہ سراج العلوم متصل عیدگاہ مری روڈ، ڈھمتوڑ ایبٹ آباد

مولانا قاضی محمد ایوب الہاشمی محتاج تعارف نہیں، فاضل دارالعلوم دیوبند، جید عالم اور قابل مدرس تھے۔ عصر حاضر میں مسلمانوں کی دینی تعلیمات سے دوری اور ناواقفیت کو دیکھ انہوں نے اسلامی تعلیمات کو